تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July, 05, 2024

پریس ریلیز

ڈی جی آر، وزارت دفاع کے عہدیداروں کو تربیت فراہم کرنے کے سلسلے میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ مفاہمت نامہ

ناک کی جانب سے اے پلس پلس یافتہ مرکزی یونیورسٹی جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈائریکٹوریٹ جنرل ریسیٹلمنٹ (ڈی جی آر) وزارت دفاع، حکومت ہند کے ساتھ ایک سمجھوتے پر دستخط کرکے اپنے تعلیمی تعاونات کے دائرے کو وسیع کیا ہے۔ اس سمجھوتے کا مقصد دفاعی سیکٹر سے منسلک اہل کاروں اور عہدیداروں کو تربیتی کورسیز فراہم کرنا ہے۔

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دفتر میں مورخہ ۳ جولائی/دو ہزار چوبیس کو اس مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمت نامے کی دستخطی تقریب پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی میں ہوئی جس میں جناب ایم۔ نسیم حیدر، قائم مقام مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈی جی آر، وزارت دفاع نئی دہلی کے کرنل جے دیپ سنگھ جوائنٹ ڈائریکٹر (ٹریننگ) شرکت کی نیز اس موقع پر پروفیسر ویرا گپتا، ڈائریکٹر، ڈاکٹر خالد رضا، ڈائریکٹر مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سینٹر (ایم ایم ٹی ٹی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر سارا بیگم، ڈین، فیکلٹی آف ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈاکٹر ارشد اکرام، صدر شعبہ تعلیمی مطالعات، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر شیبو جان، صدر ڈپارٹمنٹ آف ہاسپٹل مینجمنٹ اینڈ ہاسپائس اسٹڈیز جامعہ ملیہ اسلامیہ اور یونیورسٹی کے دیگر اہل کار موجود رہے۔

مفاہمت نامے کے تحت جامعہ ملیہ اسلامیہ سروس عہدیداروں بشمول جے سی اوز، او آر ز اور ان کی بیواؤں کو تیار کردہ ریسیٹلمنٹ کورسز فراہم کرے گی خواہ وہ ملازمت میں ہوں یا سبکدوش ہوگئے ہوں۔ ڈپلوما اور سرٹیفکٹ کے ان کورسیز کی میعاد تین سے چھ ماہ ہے۔

جامعہ اور ڈی جی آر کے درمیان یہ معاہدہ دفاعی عہدیداروں اور اہل کاروں کی علمی اور تکنیکی فروغ کے ساتھ علمی اشتراک کے عہد کو نشان زد کرتا ہے۔

پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈی جی آر کے ساتھ ساجھیداری کو یونیورسٹی کے لیے قابل فخر بتایا اور کہا کہ ڈی جی آر وہ ادارہ ہے جو قومی سرحدوں کے تحفظ اور دفاعی کاروائیوں کے تعاون میں خاص کردار ادا کرتا ہے۔ انھوں نے جوائنٹ اشتراکی پروجیکٹ کے توسط سے ممکنہ باہمی فائدے کو اجاگر کیا جس میں ڈی جی آر جامعہ کے طلبا کے ساتھ اپنی مہارت

ساجھا کرے گی وہیں یونیورسٹی کے وسائل اور صلاحیتوں سے استفادہ بھی کرے گی۔ علمی اور تربیتی پروگراموں کو بہتر کرنے کے لیے معلومات کی ایجاد اور تحقیق کے ساتھ دفاعی عہدیداروں کے لیے تعاون کے عہد کا اظہار کیا۔

جامعہ کے ریسیٹلمنٹ کورس سے دفاع کے عہدیداروں کو جو ملازمت سے جلدی سبکدوش ہو جاتے ہیں انھیں قومی زندگی میں دوسری اننگ کھیلنے کا موقع ملے گا۔ ڈی جی آر کے کرنل جے دیپ سنگھ نے قومی تعمیر اور تعلیمی افضلیت کے میدان میں متواتر ترقی پذیر یونیورسٹی کی شان دار تاریخ کا اعتراف کرتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ ہونے والے تاریخی مفاہمت نامے کی ستائش کی۔ انھوں نے پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی قیادت میں اس اشتراک کے سلسلے مثبت اقدام کے لیے جامعہ کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی